The Baptist Tabernacle of Los Angeles

1329 South Hope Street, L.A. Civic Center

Mailing Address:
P. O. Box 15308
Los Angeles, CA 90015
Phone: (213) 744-9999
E-mail: rlhymersjr@sbcglobal.net
www.sermonsfortheworld.com
www.baptisttabernacle.com

Dr. R. L. Hymers, Jr.
Founding Pastor

Dr. Christopher L. Cagan
Pastor

دسمبر، 2019

پیارے دوست:

میری خواہش تھی کہ میں آپ کو کرسمس کا ایک پُرمسرت خط بھیج پاتا۔ لیکن، ایمانداری کے ساتھ، مجھے آپ کو بتا دینا چاہیے کہ گذشتہ ڈیڑھ سال کے دوران ہم لوگوں نے حقیقت میں گرجا گھر کی ایک ہولناک تقسیم کا تجربہ کیا۔

یہ گذشتہ سال سے کئی مہینے پہلے شروع ہوئی تھی۔ ہمارے سِنیئر مناد نے دوسرے پادری کے ساتھ خفیہ ملاقاتیں شروع کر دی تھیں۔ اُن دونوں نے ہمارے گرجا گھر کو تباہ کرنے کے لیے ایک منصوبہ مُرتب کیا۔ اُن دونوں نے ایک دوسرا گرجا گھر شروع کرنے کے لیے منصوبے بنائے اور ہمارے پاس سے جس قدر ممکن ہو سکتا تھا بے شمار لوگوں کو نکال باہر کھینچا۔ جس وقت تک مجھے اِس بات کا پتا چلا تو گرجا گھر کی ایک بہت بڑی تقسیم کو روکنے میں بہت دیر ہو گئی تھی۔

اِس کا آغاز ہوا تھا جب ایک برہم پادری نے مجھے ’’ہاتھا پائی‘‘ کرنے میں ملوث کرنے کی کوشش کی تھی۔ جب میں نے اُس سے لڑنے سے انکار کر دیا، اُس نے گرجا گھر چھوڑ دیا۔ جلد ہی دوسروں نے اُس کی تقلید کی۔ منادوں کے صدر نے اپنی فحش تصویریں اپنی ویب سائٹ پر لگا دیں۔ ’’منقسِم ہوئے لوگوں‘‘ میں سے ایک نے اُن تصویروں کے ذریعے سے مجھے بلیک میل کرنے کی کوشش کی اور پولیس بھی شامل ہو گئی تھی۔ منادوں کے صدر اور اُس کی بیوی نے ہمارے گرجا گھر کو چھوڑ دیا۔

اِس موقعہ پر، وہ سِنیئر مناد کُھلم کُھلا سرگرم ہو گیا۔ اُس نے ہمارے گرجا گھر کو چھوڑ دیا اور ہمارے پاس سے جس قدر ممکن ہو سکتا تھا بے شمار لوگوں کو نکال باہر کھینچنا شروع کر دیا۔ چونکہ وہ سِنیئر مناد ہمارے گرجا گھر کا دہائیوں سے رہنما رہ چکا تھا، بے شمار لوگوں نے اُس کی پیروی کی اور ہمارے گرجا گھر کو چھوڑ دیا۔ جس وقت تک اِس تقسیم کا خاتمہ ہوتا، وہ ہمارے آدھے سے زیادہ لوگوں کو کھینچنے کے قابل ہو گیا تھا۔

اِس ہی وقت کے دوران میرے جسمانی مسائل نے تیزی پکڑ لی اور میں اِتوار کی دونوں عبادتوں میں منادی کرنے کے قابل نہیں ہو پا رہا تھا۔ سیمنری کے ایک طالب علم نے اِتوار کی صبحیں منادی کی۔ لیکن میرے ساتھ ڈٹے رہنے کے لیے وہ اِس قدر تجربہ کار نہیں تھا جب کہ اُس کے زیادہ تر قریبی دوست تقسیم میں گرجا گھر چھوڑ گئے تھے۔ 20 فروری کو اِس نوجوان نے میرے ساتھ رفاقت چھوڑ دی۔ وہ اور اُس کی ماں گرجا گھر چھوڑ گئے اور نئے ایونجیلیکل گرجا گھروں میں حاضری دینا شروع کر دی۔ میری برداشت سے باہر تھا، کیونکہ میں نے اُس نوجوان مبلغ کو قریبی ذاتی دوست سمجھا تھا۔ 23 فروری کو میں پادری کے عہدے سے دستبردار ہو گیا اور ڈاکٹر کرسٹوفر کیگن نئے پادری بن گئے۔ میں نے [اعزازی طور پر دی گئی ذمہ داریوں سے دستبردار ہوتے ہوئے اور اضافی ٹائٹل ایمیریٹس کے ساتھ ساتھ اپنے ٹائٹل کو برقرار رکھتے ہوئے] پادری ایمیریٹس کی حیثیت سے تقرری اختیار کی۔ میں اِجلاسوں میں شامل ہونے کے لیے انتہائی کمزور تھا۔ 3 مارچ کو، ڈاکٹر کیگن نے پادری کی حیثیت سے خود اپنی تقرری کا اور میری ملازمت سے فارغ ہونے کا اِعلان کیا۔ پاسٹر وورمبرانڈ کے علاوہ میرے اب تک کے جاننے والے لوگوں میں سے ڈاکٹر کیگن ایک بہترین مسیحی ہیں۔ اُن کی قیادت کے بغیر ہمارا گرجا گھر کبھی بھی اِزالہ نہ کر پاتا۔

لیکن اچھی باتوں نے رونما ہوتے رہنا جاری رکھا۔ ہماری ویب سائٹ پر 26 جنوری کو 41 ویں زبان کا اضافہ ہوا۔ اُسی دِن (26 جنوری کو) ہمارا موبائل ’’ایپ‘‘ آئی فون اور اینڈرائیڈ پر آیا۔ اُس وقت سے لیکر اب تک ساری دُنیا سے ہزاروں لوگ اُس ’’ایپ‘‘ کے ذریعے سے ہمارے ساتھ شامل ہو چکے ہیں، شدت کے ساتھ ایک دوست کا شکریہ، جو کہ نیویارک شہر میں یہودی لوگوں کے لیے ایک مشنری ہیں۔ پھر ہماری 42ویں زبان کا اِضافہ ہوا – جو کہ افریقہ میں ایک اہم ترین زبان ہے۔ 23 فروری کو، ڈاکٹر کیگن آفیشیئل پادری بنے اور میری تقرری ایمیریٹس پادری کی حیثیت سے ہوئی۔

یہ کہنا غیرضروری ہے کہ میں اِس ساری افراتفری میں بیمار اور کمزور تھا۔ میں اپنی بیوی کا نہایت شکرگزار ہوں – جو اِس تمام مدت کے دوران میرے ساتھ ڈٹی رہیں۔ 27 فروری سے لیکر 20 مارچ تک میں چین لینے کی خاطر اُنہیں ایری زونا میں ایک طویل چھٹی کے لیے لے گیا۔ 20 مارچ کو میں اِتوار کی شاموں میں منادی کرنے کے لیے اور ہفتے کی شاموں میں تعلیم دینے کے لیے واپس آ گیا۔

ہماری ویب سائٹ بیالیس زبانوں میں سینکڑوں لفظ بہ لفظ واعظوں کو
***WWW.SERMONSFORTHEWORLD.COM* پر پیش کرتی ہے۔**

اُس وقت سے ہمارے گرجا گھر کی عمارت کو بیچنے کے لیے رکھ دیا گیا۔ 14 اپریل کو اُسی پرانی عمارت میں میری 78ویں سالگرہ کو منایا گیا تھا۔ 7 مئی کو میں نے ہماری نصابی کتاب کو ''انجیلی بشارت کے پرچار کی تعلیم کا تیز رفتاری سے بڑھنا'' استعمال کرتے ہوئے ہمارے گرجا گھر میں وفادار نوجوان لوگوں کے لیے ایک شاگردی گروپ کا آغاز کیا۔ 22 مئی سے 29 مئی تک، ڈاکٹر کیگن مجھے اور میری بیوی کو سان فرانسسکو کے علاقے میں ایک چینی بپتسمہ دینے والے گرجا گھر اور اُس کے نفیس پادری صاحب سے مِلوانے کے لیے لے کر گئے۔ میں نے مارین کاؤنٹی میں میرے شروع کیے ہوئے گرجا گھر کے دیرینہ پادری مائیک اور مونا رائیلی کے ساتھ بھی ملاقات کی۔ مائیک نے مجھے کافی حوصلہ دلایا، اور مجھے اپنے گرجا گھر کی 50ویں سالگرہ کے موقع پر بولنے کے لیے مدعو کیا۔ دوسرے اِس قدر مہربان نہیں تھے، بلکہ مجھ پر ہمارے گرجا کی تقسیم کے لیے اِلزام لگا کر مجھے مذید اور زیادہ دُکھ پہنچایا۔

28 جولائی کو ہم نے اپنے گرجا گھر میں ڈاکٹر کیگن کی 66ویں سالگرہ کے لیے ایک بہت بڑی دعوت کا اہتمام کیا۔ یہ اِعلان اُسی وقت کیا گیا تھا کہ سان فرانسسکو کی وادی میں ہمارے نئے گرجا گھر کا نام ''بڑے لاس اینجلز کی چینی بپتسمہ دینے والی عبادت گاہ'' رکھا جائے گا۔ ہم وہاں پر ایک نئی عمارت خرید چکے ہیں اور کاغذی قانونی کاروائی جلد ہی مکمل ہو جائے گی۔

جولائی کے آخر میں مسز ہائیمرز کو میں اُوشن سائیڈ [نامی جگہ پر] ایک اور مختصر چُھٹی پر لے کر گیا۔ میری بیوی عِلیانہ اِس ساری دُنیا میں بِلاشک و شُبہ بہترین پادری کی بیوی ہیں۔ میرے بیٹے رابرٹ لیزلی نے اور میں نے اُنہیں اور اُن کے دونوں والدین کو اسرائیل بھیجا۔ 17 نومبر کو میں نے اِتوار کی صبح اور شام میں واعظوں کے ایک سلسلے کا آغاز کیا۔ یہ کافی مدت کے بعد ہوا ہے کہ میں اِتوار کی دونوں عبادتوں میں پہلی مرتبہ جسمانی طور پر منادی کرنے کے قابل ہو چکا ہوں۔ ڈاکٹر کیگن کے قیادت اور سخت محنت کے تحت، دو نوجوان اِشخاص کو نجات دلائی جا چکی ہے، اور بے شمار چینی طالب علم ہمارے گرجا گھر میں حاضر ہونا شروع ہو چکے ہیں۔ ڈاکٹر کیگن لاس اینجلز کے تجارتی علاقے میں اپنا گھر بیچ چکے ہیں، اور سان گیبرئیل عمارت کے نزدیک تر ایک دوسرا گھر تلاش کر رہے ہیں۔ ہم اگلے چند ایک مہینوں میں اپنے گرجا گھر کو نئی عمارت میں منتقل کر رہے ہیں۔

گرجا گھر کی تقسیم ختم ہوتی دکھائی دیتی ہے۔ چند ایک دِن قبل سٹی آف ہُوپ [ہسپتال میں] مجھے بتایا گیا کہ میرا کینسر شفایاب ہوتا دکھائی دیتا ہے۔ ڈاکٹر کیگن، میری بیوی اور میں نے، میرے گھر پر میرے بیٹوں اور ہماری پوتیوں کے ساتھ اور بہت سے اُن لوگوں کے ساتھ جو ہمارے ساتھ آزمائش کے اِس بہت بڑے وقت میں ڈٹے رہے تھے شکرگزاری [کی دعوت] کو منایا۔ ہم نے اکٹھے ایک شاندار وقت گزارا!

یسوع مسیح ہمارے نجات دہندہ کی ستائش ہو!



ڈاکٹر آر۔ ایل۔ ہائیمرز جونیئر۔،
D.Min., Th.D., Litt.D.
فلپیوں 13:4

''مجھے اب بھی اِس بات کا یقین ہے کہ میں زندوں کی زمین پر خُداوند کے احسان کو دیکھ سکوں۔ خُداوند کا اِنتظار کر؛ مضبوط ہو اور حوصلہ رکھ اور خُداوند کی آس رکھ'' (زبور27:13-14)۔

میں اپنے خاندان پر بہت فخر کرتا ہوں۔ بائیں سے دائیں، ویزلی، لیزلی بچی حنّہ کے ساتھ، میں خود، عِلیانہ بچی سارہ کے ساتھ، لیزلی کی بیوی جِن، عِلیانہ کی والدہ لِنڈا اور اُن کے بھائی اَروِین کیولر۔

ہماری ویب سائٹ بیالیس زبانوں میں سینکڑوں لفظ بہ لفظ واعظوں کو
***WWW.SERMONSFORTHEWORLD.COM* پر پیش کرتی ہے۔**